نیویارک کے باشندوں کے لیے COVID-19 ویکسینوں سے متعلق ضروری معلومات

ویکسینیں زندگیاں بچاتی ہیں۔ جب آپ ویکسین لگواتے ہیں تو آپ اپنے آپ کو COVID-19 سے تحفظ فراہم کرنے اور کمیونٹی کو محفوظ بنانے میں مدد کرتے ہیں۔ نیو یارک سٹی (NYC) سبھی کو محفوظ رکھنے اور صحت مند بنانے کے لیے پرعظم ہے۔ اس میں لوگوں کو ویکسینیشن کے حوالے سے باخبر فیصلے کرنے کے لیے درکار معلومات فراہم کرنا اور ویکسینوں تک رسائی کو منصفانہ اور مساوی بنانا شامل ہے۔

کیا ویکسینیں کام کرتی ہیں؟

- اس وقت دستیاب COVID-19 ویکسینیں لوگوں کو COVID-19 کی شدید بیماری سے بچانے، اسپتال میں داخلے اور موت سے بچانے میں بہت مؤثر دیکھی گئی ہیں۔ منظوری کے بعد سے اب تک دسیوں لاکھ افراد کو ویکسینیں لگ چکی ہیں اور ڈیٹا دکھاتا ہے کہ ان کا فائدہ ہو رہا ہے!

کیا ویکسینیں محفوظ ہیں؟

- **جی ہاں۔ آپ کو ویکسینوں سے COVID-19 نہیں ہو سکتا۔**
ویکسینوں میں COVID-19 کا سبب بننے والا وائرس نہیں ہوتا ہے۔ ویکسینیں آپ کے جسم کے مدافعتی نظام کو یہ سیکھاتی ہیں کہ وائرس سے کیسے لڑنا ہے تا کہ اگر آپ کبھی COVID-19 کی زد میں آئیں تو اسے معلوم ہو کہ وائرس سے کیسے لڑنا ہے۔
- یہ ویکسینیں بڑے کلینکل مطالعات کے عمل سے گزری ہیں، جن میں مختلف عمر، قومیت اور نسل سے تعلق رکھنے والے دسیوں ہزار افراد نے شرکت کی تھی۔ ان مطالعات سے حاصل ہونے والے شواہد کا FDA اور خود مختار اداروں نے قریب سے جائزہ لیا تھا۔
- متعدد وفاقی ایجنسیوں اور اداروں نے ویکسینوں کے لگائے جانے کے بعد بھی ان کے تحفظ کی نگرانی کرنا جاری رکھا ہے۔ ویکسینوں کی امریکی تاریخ کی کسی بھی دوسری ویکسین کے مقابلے میں زیادہ قریب سے نگرانی کی جا رہی ہے۔

ویکسینیں اتنی جلدی کیسے تیار کی گئیں؟

- COVID-19 ویکسین کی تیاری میں بے مثال وسائل استعمال کیے گئے۔
اربوں ڈالر خرچ کیے گئے اور دنیا بھر کے سائنس دان مسلسل کام کرتے چلے آ رہے ہیں۔
- سائنسدانوں نے دیگر ویکسینوں پر کی گئی کئی دہائیوں کی تحقیق کو بھی استعمال کیا، جس میں دیگر کورونا وائرسوں کی ویکسینوں پر کی گئی تحقیق شامل ہے۔

کیا ویکسینوں کے ضمنی اثرات ہیں؟

- جی ہاں، زیادہ تر لوگوں کو کچھ ضمنی اثرات کا سامنا ہوتا ہے۔ عام ضمنی اثرات میں اس بازو میں سوزش یا سوجن جس پر ٹیکہ لگا تھا، سر درد، جسم میں درد، تھکاوٹ اور بخار شامل ہیں۔
- اگرآپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں تو **311** پر کال کریں یا اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔
- ضمنی اثرات ناگوار ہو سکتے ہیں، لیکن یہ عام طور پر صحت کے حوالے سے تشویش ناک نہیں ہوتے ہیں اور 24 سے 48 گھنٹوں میں ختم ہو جاتے ہیں۔ اس کے برعکس، COVID-19 صحت کے حوالے سے تشویش ناک ہے اور یہ طویل مدتی صحت کی پیچیدگیوں، اسپتال میں داخل ہونے کی نوبت آ جانے اور موت کا باعث بن سکتا ہے۔

NYC Health

ویکسین کون لگوا سکتا ہے اور اس پر کتنا خرچ آئے گا؟

- 12 سال یا اس سے زیادہ عمر کے تمام افراد ویکسین لگوانے کے لیے اہل ہیں۔
- ویکسینیں مفت فراہم کی جا رہی ہیں۔ اگر آپ کے پاس بیمہ ہے تو اس کو بل کیا جا سکتا ہے لیکن آپ سے ادائیگی میں اپنا حصہ ڈالنے کا نہیں کہا جائے گا اور نہ ہی کوئی دوسری فیس وصول کی جائے گی۔

کیا میری رازداری کا تحفظ کیا جاتا ہے؟

- جب آپ ویکسین لگوائیں گے تو آپ کی رازداری کو تحفظ دیا جائے گا۔ آپ کی ذاتی معلومات کی رازداری کو یقینی بنانے کے لیے سخت قوانین موجود ہیں۔
- ویکسین لگوانے کے لیے آپ کو اپنی تارک وطن کی حیثیت یا سوشل سیکیورٹی نمبر بتانے کی ضرورت نہیں۔

میں ویکسین کہاں سے لگوا سکتا ہوں؟

- ویکسین کی اپوائنٹمنٹ تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/vaccinefinder** ملاحظہ کریں یا 877-829-4692 پر کال کریں۔ کئی سائٹس پر اپوائنٹمنٹ کی ضرورت نہیں ہے۔
- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا مقامی فارمیسی سے معلوم کریں کہ آیا وہ ویکسینیں لگوا کر دے رہے ہیں۔
- نیویارک کے 65 سال سے زائد عمر کے یا معذوری کے حامل باشندے 877-829-4692 پر کال کر کے ویکسینیشن سائٹس تک جانے کے لیے مفت سواری کی درخواست دے سکتے ہیں۔
- نیو یارک کے وہ باشندے جو اپنے گھر سے باہر نہیں جا سکتے، وہ **nyc.gov/homebound** پر سائن اپ کر کے یا 877-829-4692 پر کال کر کے اپنے گھروں میں ہی ویکسین لگوا سکتے ہیں۔

سہولتوں کے لیے (جیسے سائٹ پر فراہم کردہ وہیل چیئر یا شخصی طور پر ASL تشریح) 877-829-4692 پر پیشگی کال کریں یا **vax4nyc.nyc.gov** ملاحظہ کریں۔ اپنی رائے دینے یا رسائی کے حوالے سے شکایت درج کرانے کے لیے 311 پر کال کریں، 311692 پر ٹیکسٹ کریں یا **hubaccess@health.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

اگر مجھے پہلے COVID-19 ہوا تھا تو کیا مجھے ویکسین لگوانی چاہیے؟

- جی ہاں، چونکہ COVID-19 کا دوبارہ ہونا ممکن ہے، لہذا آپ کو ویکسین لگوانی چاہیے۔ ویکسینیں محفوظ ہیں اور اس تحفظ میں اضافہ کر سکتی ہیں جو آپ کے جسم نے پہلے سے پیدا کر لیا ہے۔

ویکسین لگوانے کے بعد کیا میں جسمانی دوری قائم رکھنا اور چہرے پر نقاب پہننا چھوڑ سکتا ہوں؟

- **مکمل ویکسین لگوا لینے کے بعد**، آپ زیادہ تر سرگرمیاں چہرے پر نقاب پہنے یا جسمانی فاصلہ قائم رکھے بغیر ہی کر سکتے ہیں۔ چار دیواری کے باہر کی سرگرمیاں خاص کر محفوظ ہیں۔ ہماری تجویز ہے کہ جب تک مزید لوگوں کو ویکسین نہ لگ جائے آپ چار دیواری کے اندر چہرے پر نقاب پہننا جاری رکھیں۔ اس کے علاوہ آپ جس جگہ بھی جائیں آپ کو وہاں کے چہرے پر نقاب پہننے کے حوالے سے تقاضوں پر عمل کرنا ہو گا، جیسے کہ کاروبار، اسکول، پبلک ٹرانسپورٹ یا آپ کے کام کرنے کی جگہ۔ مکمل ویکسین لگوا لینے کے بعد آپ کو زد میں آ جانے کی صورت میں قرنطینہ میں جانے یا ٹیسٹ کروانے کی ضرورت نہیں ہو گی، ماسوائے اگر آپ کو COVID-19 کی علامات ہوں۔
- جن لوگوں کو **مکمل ویکسین نہیں لگی** ہے، انہیں تمام احتیاطی تدابیر جاری رکھنا ہوں گی، بشمول چہرے پر نقاب پہننا اور عوام الناس میں ہونے کی صورت میں جسمانی فاصلہ قائم رکھنا۔

یہ بات قابل فہم ہے کہ کچھ لوگ ویکسین لگوانے کے حوالے سے ذہنی طور پر غیریقینی صورتحال سے دوچار ہو سکتے ہیں یا ان کے اضافی سوالات ہو سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں، **311** پر کال کریں، یا **nyc.gov/covidvaccine** ملاحظہ کریں۔